DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC REALTEIONS
BALOCHISTAN

نظامتِ اعلیٰ تعلقاتِ عامہ
حکومتِ بلوچستان

NO.DGPR(PRESS CLIPPING)/ 972

DATED 03-11-2026.

SUBJECT:- PRESS CLIPPINGS.

kindly find enclosed here with a set of press clipping of LocallNational Newspapers for information and necessary action.

for (Director General)

The Press Secretary to
Chief Minister, Balochistan, Quetta.

RAMZAY ROAD QUETTA

PHONE NO: 081-9202548-9201615-9201955, FAX NO:081-9201108
e-mail: dgprquettabalochistan@.com, dgprquetta.advt@gmail.com

CamScanner

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

مورخہ 03.11.2026

نمبر شمار	اہم قومی ومقامی خبریں	اخبارات
01	سیاسی ہم آہنگی اور قومی اتحاد سے چیلنجز پر جلد قابو پالیں گے، جعفر مندوخیل	جنگ ودیگر اخبارات
02	ملازمین عوامی خدمت کے نظام میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، نسیم الرحمٰن	جنگ ودیگر اخبارات
03	انتہا پسندی کے خاتمے کیلئے سماجی شعور کو فروغ دینا ناگزیر ہے، ڈاکٹر رابعہ بلیدی	جنگ ودیگر اخبارات
04	سرکاری ہسپتالوں کو جدید بنانے کیلئے اقدامات اٹھا رہے ہیں، بخت کاکڑ	جنگ ودیگر اخبارات
05	ترقیاتی منصوبے معیار کے مطابق مکمل کئے جائیں، شکیل قادر خان	مشرق ودیگر اخبارات
06	محکمہ خزانہ کے کیش بیلنس میں 7 ارب 71 کروڑ روپے کا فرق پی اے سی برہم	مشرق ودیگر اخبارات
07	فیک نیوز کا پھیلاؤ ہمارے لئے بڑا چیلنج بن چکا ہے، شاہد رند	مشرق ودیگر اخبارات
08	پنجگور گیس کورڈیمز کی لاگت میں اضافے پر سینیٹر جان بلیدی کے تحفظات	جنگ ودیگر اخبارات
09	بلوچستان کو 450 میگاواٹ بجلی بھی نہیں مل رہی، ریکارڈ میں انکشاف	جنگ ودیگر اخبارات
10	وزیراعلیٰ کی ہدایت پر زیارت کے طلباء کو بس فراہم	جنگ ودیگر اخبارات
11	سپریم کورٹ کے دو بنچز کوئٹہ میں مقدمات کی سماعت کرینگے	جنگ ودیگر اخبارات
12	بلوچستان میں 1 لاکھ 38 ہزار سے زائد مشتبہ شناختی کارڈز بلاک	جنگ ودیگر اخبارات
13	کوئٹہ دوروزہ کاروباری نمائش 100 سے زائد اسٹالز قائم	جنگ ودیگر اخبارات
14	پارٹی نے قومی سیاست اور اصولوں پر کبھی سمجھوتہ نہیں کیا، پشتونخوا نیپ	جنگ ودیگر اخبارات
15	بلوچستان کے لئے 9 ہزار آسامیوں کا اعلان انقلابی پیش رفت ہے، لیاقت اقبال راجپوت	جنگ ودیگر اخبارات
16	بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال انتہائی مخدوش ہے، پاکستان بار کونسل	جنگ ودیگر اخبارات
17	عدلیہ میں بلوچ سینئر وکلا کو مناسب نمائندگی دی جائے، بی این پی	جنگ ودیگر اخبارات

امن وامان:

بلوچ اشرافیہ امن وترقی کی مخالف بعض تو دہشتگردوں کی سرپرستی کرتی ہے، ڈی جی آئی ایس پی آر، کوئٹہ ہزارہ ٹاؤن پولیس کی کارروائی چار کلو چرس برآمد ملزم گرفتار، دھماکہ خیز مواد نصب کرنے کی کوشش ناکام دو دہشت گرد زخمی، نوشکی کلی قادر آباد میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی، پنجگور نامعلوم مسلح افراد کا ندار سے 15 لاکھ لوٹ کر فرار۔

عوامی مسائل:

سریاب کے گنجان آباد علاقوں میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ علاقہ مکین پریشان، میٹروپولیٹن کارپوریشن کے احاطے میں سیکورٹی انتظامات مزید سخت

CamScanner

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

مورخہ 03.11.2026

اداریہ:

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**بلوچستان مکمل طور پر اے ایریا قرار!** "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ گذشتہ روز اسلام آباد میں ڈی ایس پیز کی تربیت مکمل ہونے پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ بلوچستان کو مکمل طور پر اے ایریا قرار دیا جا چکا ہے۔ یہ ایک بڑی ذمہ داری کے ساتھ ساتھ ایک اہم موقع بھی ہے اور ہمیں ثابت کرتا ہے کہ یہ فیصلہ آئندہ آنے والی نسلوں کے بہتر مستقبل اور صوبے میں موثر امن وامان کے قیام کیلئے کیا گیا ہے پولیس افسران ریاست اور عوام کے خادم ہیں، انہیں نہایت، دیانت داری، عزت وقار اور احساس ذمہ داری کیساتھ خدمت کرنی چاہئے، صوبائی حکومت بلوچستان پولیس کو جدید آلات، معیاری تربیت اور میرٹ کی بنیاد پر تعیناتیوں وتبادلوں کا ایسا ماحول فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے جہاں کسی قسم کی سیاسی مداخلت یا دباؤ کی گنجائش نہ ہو پولیس افسران کی تعیناتیوں اور پیشہ وارانہ ذمہ داریوں کی ادائیگی میں میرٹ کی بنیادی اصول بنایا گیا ہے اور یہ فیصلہ خود بلوچستان پولیس کی قیادت نے کرنا ہے کہ کونسا افسر کس ذمہ داری کے لئے موزوں ہے میرٹ کی بالادستی بالخصوص نوجوان نسل کا ریاست پر اعتماد بحال کرنے میں کلیدی کردار ادا کرے گی ریاست کے تمام ستونوں کو اپنے عملی کردار سے بلوچستان کے نوجوانوں کو یہ پیغام دینا ہوگا کہ انہیں میرٹ پر بھرتی کیا جائیگا، میرٹ پر ذمہ داریاں سونپی جائینگی اور وہ کسی سیاسی مداخلت کے بغیر اپنی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کے مطابق خدمت انجام دے سکیں گے۔

اداریہ:

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**ایل پی جی بحران کا خدشہ قیمتوں میں اضافہ، عوام رل گئے** "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**بلوچستان میں مشتبہ اور جعلی قومی شناختی کارڈز سمیت دیگر جعلی دستاویزات امن کیلئے خطرہ عوام کے حقوق پر ڈاکہ، جانچ کی شفافیت یقینی بنائی جائے** "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 03 NOV 2026

Page No. 1

سیاسی ہم آہنگی اور قومی اتحاد سے چیلنجز پر جلد قابو پالیں گے، جعفر مندوخیل

یہ حقیقت پیش نظر رکھنی چاہیے دشمن کسی بھی وقت ہماری داخلی کمزوریوں سے فائدہ اٹھا سکتا ہے، گورنر بلوچستان کا قومی کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ میں ہمیشہ سیاسی ڈائیلاگ کا حامی رہا ہوں جس طرح پاکستان نے معرکہ حق میں فتح اور امریکہ۔ ایران کو براہ راست مذاکرات کی میز پر لانے میں اپنا کردار ادا کر کے دفاع کے شعبہ اور عالمی سفارتکاری کے میدان میں ایک بلند مقام حاصل کیا اسی طرح اب اندرونی استحکام کیلئے بھی سیاسی ڈائیلاگ، عوام کو اعتماد میں لینے اور نوجوانوں کو مصروف رکھنے کیلئے ٹھوس اقدامات کرنا ہونگے۔ ہمیں یہ حقیقت پیش نظر رکھنی چاہیے کہ دشمن کسی بھی وقت ہماری داخلی کمزوریوں سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ پاکستان نے دہشتگردی اور مذہبی فرقہ واریت کے خاتمے کیلئے اہم کامیابیاں حاصل کی ہیں اور اب ہمیں یقین ہے کہ سیاسی ہم آہنگی، قومی اتحاد اور مشترکہ کوششوں کے ذریعے ہم درپیش چیلنجز پر بھی بہت جلد قابو پالینگے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں قومی کانفرنس سے خطاب کرتے کیا۔ کانفرنس کا انعقاد انٹرنیشنل ریسرچ کونسل فار رفیوجیز ایجنز نے پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ کے مالی تعاون اور سینٹر آف ایکسیلنس آن کاؤنٹرنگ وائلنٹ ایکسٹریزم (CoE-CVE) بلوچستان کے اشتراک سے کیا۔ کانفرنس میں عالمی سفارت کاری، قیام امن، تنازعات کے حل اور علاقائی معاشی تعاون میں پاکستان کے بدلتے ہوئے کردار پر غور وخوض کیا گیا گورنر نے تقریب کے انعقاد پر پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ کو سراہا اور تنازعات کے حل، امن کے فروغ اور سیاسی ہم آہنگی کے قیام میں ڈائیلاگ اور باہمی افہام وتفہیم کی اہمیت پر زور دیا۔ بلوچستان کی سماجی واقتصادی ترقی میں نوجوانوں کے کلیدی کردار کو اجاگر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کیلئے قومی اور بین الاقوامی سطح پر تعلیمی، پیشہ ورانہ اور معاشی مواقع میں اضافہ کیا جائے۔

تعمیری سرگرمیوں میں مصروف رکھنے کیلئے ٹھوس اقدامات کرنا ہونگے۔ ہمیں یہ حقیقت پیش نظر رکھنی چاہیے کہ دشمن کسی بھی وقت ہماری داخلی کمزوریوں سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ پاکستان نے دہشتگردی اور مذہبی فرقہ واریت کے خاتمے کیلئے اہم کامیابیاں حاصل کی ہیں اور اب ہمیں یقین ہے کہ سیاسی ہم آہنگی، قومی اتحاد اور مشترکہ کوششوں کے ذریعے ہم درپیش چیلنجز پر بھی بہت جلد قابو پالینگے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں قومی کانفرنس کے شرکاء سے خطاب کرتے کیا۔ کانفرنس کا انعقاد انٹرنیشنل ریسرچ کونسل فار رفیوجیز افیئرز نے پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ (PPAF) کے مالی تعاون اور سینٹر آف ایکسیلنس آن کاؤنٹرنگ وائلنٹ ایکسٹریزم (CVE-CoE) بلوچستان کے اشتراک سے کیا۔ واضح رہے کہ گورنر ہاؤس کوئٹہ میں 'معرکہ حق کے بعد کے دور میں عالمی ثالثی، امن، تنگ سفارتکاری، تنازعات کے حل اور معاشی مواقع میں پاکستان کا ابھرتا ہوا کردار کے موضوع پر ایک قومی کانفرنس منعقد ہوئی جسمیں حکومتی نمائندوں، پالیسی سازوں، ماہرین تعلیم، علمائے کرام اور ترقیاتی شعبے کے رہنماؤں نے شرکت کی۔ کانفرنس میں عالمی سفارت کاری، قیام امن، تنازعات کے حل اور علاقائی معاشی تعاون میں پاکستان کے بدلتے ہوئے کردار پر غور وخوض کیا گیا۔ قومی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے تقریب کے انعقاد پر پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ کو سراہا اور تنازعات کے حل، امن کے فروغ اور سیاسی ہم آہنگی کے قیام میں ڈائیلاگ اور باہمی افہام وتفہیم کی اہمیت پر زور دیا۔

MASHRIQ QUETTA

پاکستان نے دفاع اور سفارتکاری میں بلند مقام حاصل کیا، جعفر مندوخیل

اندرونی استحکام کیلئے پولیٹیکل ڈائیلاگ، عوام کو اعتماد میں لینے اور نوجوانوں کو مصروف رکھنے کیلئے ٹھوس اقدامات کرنا ہونگے

سیاسی ہم آہنگی، قومی اتحاد اور مشترکہ کوششوں کے ذریعے ہم درپیش چیلنجز پر بھی بہت جلد قابو پالینگے، قومی کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ میں ہمیشہ پولیٹیکل ڈائیلاگ کا حامی رہا ہوں۔ جس طرح پاکستان نے معرکہ حق میں فتح اور امریکہ۔ ایران کو براہ راست مذاکرات کی میز پر لانے میں اپنا کردار ادا کر کے دفاع کے شعبہ اور عالمی سفارتکاری کے میدان میں ایک بلند مقام حاصل کیا اسی طرح اب اندرونی استحکام کیلئے بھی پولیٹیکل ڈائیلاگ، عوام کو اعتماد میں لینے اور نوجوانوں کو..... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 03 NOV 2026

Page No. 2

ملازمین عوامی خدمت کے نظام میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، نسیم الرحمٰن

حکومت صوبے میں اداروں کی بہتری، انتظامی اصلاحات اور عوامی خدمات کے معیار کو بلند کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے

سرکاری اداروں کی مؤثر کارکردگی اور عوام کو بہتر خدمات کی فراہمی میں کلریکل اسٹاف کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے، صوبائی مشیر

کوئٹہ، (خ ن) صوبائی مشیر برائے ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمٰن خان ملاخیل نے کہا ہے کہ سرکاری اداروں کی مؤثر کارکردگی اور عوام کو بہتر خدمات کی فراہمی میں کلریکل اسٹاف کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ کمرکس سرکاری نظام کا ایک اہم حصہ ہیں اور دفتری امور کی انجام دہی، ریکارڈ کی دیکھ بھال اور انتظامی معاملات کو مؤثر انداز میں آگے بڑھانے میں ان کی خدمات قابل قدر ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن بلوچستان کے زیر اہتمام منعقدہ حلف برداری کی تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں سیکرٹری ماحولیات نور احمد پرکانی ڈی جی ماحولیات ظہور احمد بلوچ اور آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن کے صوبائی عہدیداران اور ماحولیات یونٹ کی نو منتخب کابینہ کے علاوہ افسران و اہلکاران نے شرکت کی۔ صوبائی مشیر نے نو منتخب عہدیداران کو سبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ کسی بھی تنظیم کی اصل طاقت اس کے اتحاد، نظم و ضبط اور اجتماعی جدوجہد میں مضمر ہوتی ہے۔ امید ہے کہ نو منتخب کابینہ ملازمین کی فلاح و بہبود، جائز مسائل کے حل اور ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے مثبت اور تعمیری کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری ملازمین عوامی خدمت کے نظام میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، محنت اور ذمہ داری کے احساس کو تسلیم کرنا اور انہیں سازگار ماحول فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ صوبائی مشیر نے کہا کہ ملازمین کو بھی چاہیے کہ وہ اپنی ذمہ داریاں دیانت داری، محنت اور احساس فرض کے ساتھ ادا کریں تاکہ عوام کو سرکاری اداروں سے بہتر سہولیات میسر آسکیں۔ صوبائی مشیر نسیم الرحمٰن ملاخیل نے مزید کہا کہ حکومت بلوچستان صوبے میں اداروں کی بہتری، انتظامی اصلاحات اور عوامی خدمات کے معیار کو بلند کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے، جس میں سرکاری ملازمین کا تعاون انتہائی اہمیت رکھتا ہے۔

انتہا پسندی کے خاتمے کیلئے سماجی شعور کو فروغ دینا ناگزیر ہے، ڈاکٹر رقیہ ہاشمی بلیدی

پاکستان کا ابھرتا ہوا سفارتی کردار خطے میں امن، استحکام اور معاشی تعاون کے نئے امکانات پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، مشیر ترقی نسواں

عالمی و علاقائی سطح پر اعتماد سازی اور مذاکرات پر مبنی تعاون کو فروغ دے کر تنازعات کے حل کی راہیں تلاش کی جاسکتی ہیں

رواداری اور باہمی احترام کسی بھی معاشرے کے استحکام کے بنیادی ستون ہیں، گورنر ہاؤس میں منعقدہ صوبائی کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے ترقی نسواں ڈاکٹر رقیہ ہاشمی بلیدی نے کہا ہے کہ موجودہ عالمی اور علاقائی حالات میں پائیدار امن، معاشی استحکام اور باہمی تعاون کے فروغ کیلئے موثر سفارتکاری، باہمی مکالمے، تنازعات کے پرامن حل اور بین الملل اہب ہم آہنگی کو بنیادی اہمیت حاصل ہے پاکستان کا ابھرتا ہوا سفارتی کردار خطے میں امن، استحکام اور معاشی تعاون کے نئے امکانات ..... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، تاہم پائیدار ترقی کے لیے معاشرے کے تمام طبقات، بالخصوص خواتین کی موثر شمولیت ضروری ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں منعقدہ صوبائی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، جس کا موضوع ''معرکہ حق کے بعد کے دور میں عالمی چالش، تزویراتی سفارتکاری، تنازعات کے حل اور معاشی سرگرمیوں کے فروغ کے تناظر میں پاکستان کا ابھرتا ہوا کردار'' تھا۔ کانفرنس کا انعقاد انسٹیٹیوٹ ریسرچ کونسل فار پیس اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز (IRCRA) نے پاکستان ہائیڈرو الیکٹرک پاور ایسوسی ایشن فنڈ (PPAF) کے مالی تعاون اور سینئر آف ایکسی لینس آن کاؤنٹرنگ وائلنٹ ایکسٹریزم بلوچستان کے اشتراک سے کیا۔ ڈاکٹر رقیہ ہاشمی بلیدی نے کہا کہ عالمی سطح پر تنازعات، سیاسی کشیدگی اور معاشی چیلنجز کے تناظر میں پاکستان کا سفارتی کردار اہمیت اختیار کر چکا ہے۔ عالمی اور علاقائی سطح پر اعتماد سازی، مذاکرات اور مشترکہ مفادات پر مبنی تعاون کو فروغ دے کر نہ صرف تنازعات کے حل کی راہیں تلاش کی جاسکتی ہیں بلکہ تجارت، سرمایہ کاری اور معاشی سرگرمیوں کے نئے مواقع بھی پیدا کیے جاسکتے ہیں۔

سرکاری ہسپتالوں کو جدید بنانے کیلئے اقدامات اٹھا رہے ہیں، بخت کاکڑ

صحت کا شعبہ براہ راست عوام کی زندگیوں سے وابستہ اس میں بہتری لانا اولین ترجیح ہے

کوشش ہے بلوچستان کے عوام کو علاج کیلئے دوسرے صوبوں کا رخ نہ کرنا پڑے، وزیر صحت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی، سرکاری ہسپتالوں کی بہتری اور علاج معالجے کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ صحت کا شعبہ براہ راست عوام کی زندگیوں سے وابستہ ہے، اس لئے اس شعبے میں بہتری لانا حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ..... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے کے سرکاری ہسپتالوں میں طبی سہولیات کی بہتری، جدید طبی آلات کی فراہمی، ڈاکٹروں اور طبی عملے کی کارکردگی میں بہتری اور مریضوں کو بہتر ماحول فراہم کرنے کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ ہماری کوشش ہے کہ بلوچستان کے عوام کو علاج و معالجے کیلئے دوسرے صوبوں کا رخ نہ کرنا پڑے اور انہیں اپنے ہی صوبے میں بہتر طبی سہولیات میسر آئیں۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ دور دراز علاقوں میں رہنے والے شہریوں کو صحت کی سہولیات کی فراہمی خصوصی اہمیت رکھتی ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 03 NOV 2026 Page No. 3

ترقیاتی منصوبے معیار کے مطابق مکمل کیے جائیں، شکیل قادر خان

شہریوں کی شکایات پر فوری عملدرآمد کرکے ازالہ یقینی بنایا جائے، ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت عوام کی فلاح و بہبود، تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی اور معیار زندگی میں مزید بہتری کے لیے دستیاب وسائل کے اندر مستقل کام کر رہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس میں ترقیاتی منصوبوں کی رفتار، اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کی نگرانی، غیر قانونی طور پر مقیم تارکین وطن کی واپسی، کھلی کچہریوں کا انعقاد اور لوکل کونسلز میں صفائی کی صورتحال سمیت اہم عوامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا چیف سیکرٹری نے حکام کو ہدایت دی کہ جاری ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے اور تمام منصوبوں کو مقررہ مدت اور معیار کے مطابق مکمل کرایا جائے اجلاس میں کھلی کچہریوں کے حوالے سے بتایا گیا کہ اکتوبر کے دوران صوبے بھر میں 51 کھلی کچہریاں منعقد کی گئیں، جن میں 686 شکایات موصول ہوئیں۔ چیف سیکرٹری نے ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ شہریوں کی شکایات پر فوری عملدرآمد کیا جائے اور ان کا ازالہ اولیت کی بنیاد پر کیا جائے۔

MASHRIQ QUETTA

افسران احساس ذمہ داری کیساتھ فرائض انجام دیں، چیف سیکرٹری

حکومت عوام کی فلاح و بہبود، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور معیار زندگی میں بہتری کیلئے دستیاب وسائل کے اندر کام کر رہی ہے، شکیل قادر خان

ضلعی سطح پر حکومتی اقدامات کے ثمرات عوام تک پہنچائے جائیں، ترقی، سستی اشیاء کی دستیابی اور عوامی شکایات کا حل اولین ترجیحات ہیں

اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کی باقاعدہ نگرانی، منافع خوروں کیخلاف کارروائی اور عام شہریوں کو حقیقی فائدہ پہنچایا جائے، ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت عوام کی فلاح و بہبود، تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی اور معیار زندگی میں مزید بہتری کیلئے دستیاب وسائل کے اندر مستقل کام کر رہی ہے انہوں نے زور دیا کہ سرکاری افسران عوامی مسائل کے حل کو اپنی ذاتی ذمہ داری سمجھیں، شفافیت اور احساس ذمہ داری کے ساتھ فرائض انجام دیں اور ضلعی سطح پر حکومتی اقدامات ..... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

کے ثمرات عوام تک پہنچائیں۔ انہوں نے کہا کہ ترقی، سستی اشیاء کی دستیابی اور عوامی شکایات کا فوری حل صوبائی حکومت کی اولین ترجیحات ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس میں ترقیاتی منصوبوں کی رفتار، اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کی نگرانی، غیر قانونی طور پر مقیم تارکین وطن کی واپسی، کھلی کچہریوں کا انعقاد اور لوکل کونسلز میں صفائی کی صورتحال سمیت اہم عوامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ مانیٹرنگ اینڈ ایویلوایشن سیکشن نے کل 2,935 ترقیاتی منصوبوں میں سے 2,632 منصوبوں کا دورہ کیا ہے، جن میں سے 90 فیصد منصوبے مکمل ہو چکے ہیں۔ اسی طرح بلوچستان سوشل ڈویلپمنٹ ایشیٹو (بی ایس ڈی آئی) کے تینوں مراحل میں کل 4,063 منصوبوں کی منظوری دی گئی، جن میں سے 2,181 منصوبے تکمیل کے مراحل میں ہیں۔ چیف سیکرٹری نے حکام کو ہدایت دی کہ جاری ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے اور تمام منصوبوں کو مقررہ مدت اور معیار کے مطابق مکمل کرایا جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 03 NOV 2026 Page No. 4

محکمہ خزانہ کے کیشن پلینس میں اب 71 کروڑ روپے کا فرق، پی اے سی اہم

بیرون ملک اسکالرشپ کے معاہدوں کی خلاف ورزی پر 11 کروڑ 85 لاکھ سے زائد کی وصولی اور اضافی چارج الاؤنس کے کیسز زیر بحث

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس چیئرمین اصغر علی ترین کی زیر صدارت ہوا جس میں ارکان رخمت صالح بلوچ، ولی محمد نورزئی اور زاہد علی ریکی شریک ہوئے سیکرٹری بلوچستان اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان نصراللہ جان، ڈائریکٹر جنرل آڈٹ شجاع علی، سیکرٹری خزانہ محمد جہانگیر کاکڑ، ایڈیشنل سیکرٹری پبلک اکاؤنٹس کمیٹی سراج لہڑی اور ...

پنجگور، گیش کورڈیمز کی لاگت میں اضافے پر سینیٹر جان بلیدی کے تحفظات

منگی ڈیم کا 80 فیصد کام مکمل، بلوچستان میں پانی کے 51 منصوبے مکمل ہو چکے، کمیٹی کو بریفنگ

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے لیس ڈویلپڈ ایریا کی ذیلی کمیٹی کا اجلاس کنوینر سینیٹر جان محمد بلیدی کی زیر صدارت ہوا۔ کمیٹی کو پلاننگ کمیشن کی جانب سے آغاز حقوق بلوچستان پیکیج کے تحت جاری منصوبوں پر پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ پلاننگ کمیشن مجموعی طور پر 138 منصوبوں پر کام کر رہا ہے، جن میں 133 سے زائد جاری منصوبے اور سات نئے منصوبے شامل ہیں موجودہ مالی سال کے دوران بلوچستان کے لیے 193 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں 2010ء سے اب تک بلوچستان میں پانی کے 51 منصوبے مکمل کیے جا چکے ہیں۔ منگی ڈیم کا تعمیراتی 80 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے جبکہ 1.1 ایم کی بریفنگ پر جان محمد بلیدی نے قحبہ سے متعلق تعمیرات اور مرکزی دہلیز کا پانی روکنے کے نتیجے میں ساحلی آبادی کی روزمرہ زندگی پر منفی اثرات کے حوالے سے سخت خدشات کا اظہار کیا انہوں نے منصوبے کی لاگت میں 18 ارب روپے سے بڑھ کر 23 ارب روپے تک اضافے پر بھی تشویش کا اظہار کیا۔ کمیٹی نے گیش کورڈیم اور استور نج ڈیم منصوبے کا بھی جائزہ لیا۔ کنوینر نے منصوبے کی مالی اقادیت پر سوال اٹھاتے ہوئے اس کی نظرثانی شدہ لاگت گیارہ ارب سے بڑھ کر چوالیس ارب کر دیا گیا ہے جو انتہائی تشویشناک عمل ہے جس سے قومی دولت کا ضیاع ہے۔

فیک نیوز کا پھیلاؤ ہمارے لیے بڑا چیلنج بن چکا ہے، شاہد رند

غلط خبریں نشر کرنے پر 3 سوشل میڈیا ایکٹیوسٹ کیخلاف کارروائی کا آغاز ہو گیا، پریس کانفرنس

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ کے معاون برائے سیاسی و میڈیا امور شاہد رند نے کہا ہے کہ حکومت سوشل میڈیا اور وٹس ایپ گروپوں کے ذریعے فیک نیوز چلانے والوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لا رہی ہے، بلوچستان کے 3 سوشل میڈیا ایکٹیوسٹ کی جانب سے غلط خبریں پوسٹ کرنے پر ان کے خلاف کارروائی کے لئے ...

بلوچستان کو 450 میگاواٹ بجلی بھی نہیں مل رہی، ریکارڈ میں انکشاف

صوبے سے 2310 میگاواٹ بجلی پیدا ہو کر نیشنل گرڈ میں شامل ہو رہی ہے، کیسکو حکام

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے محکمہ توانائی نے انکشاف کیا ہے کہ صوبے سے 2310 میگاواٹ بجلی پیدا ہو کر نیشنل گرڈ میں جاتی ہے جبکہ کیسکو حکام کا کہنا ہے کہ صوبے سے 450 میگاواٹ بجلی بھی نہیں مل رہی ہے، کوئٹہ میں آٹھ گھنٹے اور اندرون بلوچستان بارہ سے سولہ گھنٹے لوڈشیڈنگ کی جا رہی ہے۔

Century Express Quetta

وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر زیارت کے طلباء کو بس فراہم

چابیاں پرنسپل کے حوالے، سیکرٹری ہاشم غلزئی، عبدالمالک اچکزئی و دیگر موجود

زیارت (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر الحجر ماڈرن نیشنل اسکول اینڈ کالج زیارت کو طلبہ کی سہولت کے لیے نئی بس فراہم کر دی گئی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایت پر حکومت بلوچستان کی جانب سے طلبہ کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے الحجر ماڈرن نیشنل اسکول اینڈ کالج، جناح کیمپس زیارت کو ایک نئی بس فراہم کر دی گئی۔ اس سلسلے میں ادارے کے پرنسپل پروفیسر شبیر احمد بڑیچ کو بس کی چابیاں حوالے کی گئیں۔ اس موقع پر سیکرٹری ہائر اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ محمد ہاشم غلزئی ایڈیشنل سیکرٹری عبدالمالک اچکزئی، ایڈیشنل سیکرٹری ڈاکٹر حسین بلوچ، ڈائریکٹر کالجز سردار صادق کنزئی، ڈپٹی ڈائریکٹر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بھی موجود تھے۔ بس کی فراہمی سے ادارے کے طلبہ کو آمد و رفت کی بہتر سہولیات میسر آئیں گی، جس سے نہ صرف طلبہ کو درپیش سفری مشکلات میں کمی آئے گی بلکہ تعلیمی سرگرمیوں کو مزید مؤثر بنانے میں بھی مدد ملے گی۔ ادارے کی انتظامیہ نے اس عملی قدم اقدام پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، سیکرٹری ہائر اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن اور محکمہ کا مبر حکومت بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے تعلیمی اداروں کو سہولیات کی فراہمی کے اقدامات قابل تحسین ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 03 NOV 2026 Page No. 5

سپریم کورٹ کے دو بنچز کوئٹہ میں مقدمات کی سماعت کریں گے

مقدمات میں عدالت عالیہ اور سروس ٹریبونل کے فیصلوں کیخلاف اپیل درخواستیں شامل

اسلام آباد/ کوئٹہ (نمائندہ خصوصی) سپریم کورٹ آف پاکستان کے ایک پریس ریلیز کے مطابق سپریم کورٹ کے دو بنچز 4 نومبر سے 6 نومبر 2026 تک کوئٹہ میں مقدمات کی سماعت کریں گے۔ ان مقدمات میں بلوچستان ہائی کورٹ اور بلوچستان سروس ٹریبونل..... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

کے فیصلوں اور احکامات کے خلاف اپیل درخواستیں شامل ہوں گی۔ جاری کردہ شیڈول کے مطابق 4 اور 5 نومبر 2026 کو جسٹس جمال خان مندوخیل، جسٹس نعیم اختر افغان اور جسٹس محمد ہاشم خان کاکڑ پر مشتمل بنچ مقدمات کی سماعت کرے گا۔ 6 نومبر 2026 کو دو الگ الگ بنچز سماعت کریں گے۔ بنچ اول میں چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی اور جسٹس جمال خان مندوخیل شامل ہوں گے، جبکہ بنچ دوم میں جسٹس نعیم اختر افغان اور جسٹس محمد ہاشم خان کاکڑ مقدمات کی سماعت کریں گے۔

عدالتی احکامات کے باوجود پرائیویٹ اسکولز تعطیلات کی فیسیں لینے پر بضد

نجی تعلیمی اداروں کی جانب سے موسم سرما کی تعطیلات کے دوران طلبہ سے ڈبل فیس کی وصولی کا سلسلہ جاری، والدین پریشان

احکامات کی خلاف ورزی پر فورس اور نجی تعلیمی اداروں کیخلاف قانونی کارروائی کی جائے، والدین کا مطالبہ حکام سے مطالبہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان ہائیکورٹ اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کے احکامات کے باوجود شہر کے بعض نجی تعلیمی اداروں کی جانب سے موسم سرما کی تعطیلات کے دوران طلبہ سے اضافی فیس وصول کرنے کا سلسلہ جاری ہے، جس کے باعث والدین میں تشویش اور بے چینی پائی جاتی ہے۔ والدین کا کہنا ہے کہ متعلقہ عدالتی اور انتظامی احکامات کے باوجود بعض نجی اسکول دو ماہ کی فیس ایک وقت وصول کرنے پر اصرار کر رہے ہیں، جس سے پہلے ہی مہنگائی کے باعث مالی مشکلات کا شکار والدین پر اضافی بوجھ پڑ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر عدالتی..... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

احکامات اور ضلعی انتظامیہ کی ہدایات پر بھی عملدرآمد نہیں کیا جائے گا تو عام شہریوں کو ریلیف کیسے ملے گا۔ والدین نے بلوچستان ہائیکورٹ، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ اور محکمہ تعلیم کے حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ احکامات کی خلاف ورزی کرنے والے نجی تعلیمی اداروں کا نوٹس لے کر ان کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے اور والدین کو غیر ضروری مالی بوجھ سے نجات دلائی جائے۔

بلوچستان میں 1 لاکھ 38 ہزار سے زائد مشتبہ شناختی کارڈز بلاک

بلاک شناختی کارڈز کی جانچ اور تصدیق کا عمل جاری ہے، نادرا حکام

مقررہ معیار پر پورا اترنے والے افراد کے کارڈز کو بحال کیا جا رہا ہے

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) بلوچستان میں 1 لاکھ 38 ہزار سے زائد مشتبہ شناختی کارڈز بلاک کر دیے گئے۔ نادرا حکام کے مطابق بلاک شناختی کارڈز کی جانچ اور تصدیق کا..... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

عمل جاری ہے۔ حکام نے بتایا ہے کہ تصدیق کے بعد مقررہ معیار پر پورا اترنے والے افراد کے کارڈز کو بحال کیا جا رہا ہے۔

کوئٹہ دو روزہ کاروباری نمائش 100 سے زائد اسٹالز قائم

ڈی سی کوئٹہ کا نمائش کا دورہ، تمام اسٹالز کا معائنہ، خواتین کی کاروباری سرگرمیوں، تخلیقی صلاحیتوں اور محنت کو سراہا

خواتین کاروباری شخصیات، ہنرمند خواتین اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ نمائندگان کی بھرپور شرکت

کوئٹہ (پ ر) ڈیولپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (TDAP) کے زیر اہتمام حکومت بلوچستان، ضلعی انتظامیہ کوئٹہ اور بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ کے اشتراک سے منعقدہ دو روزہ کاروباری نمائش "ویکسنیٹ (WEXNET)" کامیابی کے ساتھ منعقد ہوئی، جس میں ملک بھر سے تعلق رکھنے والی خواتین کاروباری شخصیات، صنعت کاروں، ہنرمند خواتین اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ نمائندگان نے بھرپور شرکت کی۔ نمائش میں 100 سے زائد اسٹالز قائم کیے گئے، جن میں خواتین کی تیار کردہ مصنوعات، دستکاری، مقامی ہنر، کاروباری مصنوعات اور مختلف تجارتی شعبوں سے متعلق اشیاء کو نمائش کے لیے پیش کیا گیا۔ اس موقع پر خواتین کو اپنی کاروباری صلاحیتوں کے اظہار، مصنوعات کی تشہیر، تجارتی روابط کے فروغ اور نئی کاروباری راہیں تلاش کرنے کے مواقع فراہم کیے گئے۔ تقریب میں حکومت بلوچستان اور وفاقی حکومت کے نمائندگان، متعلقہ محکموں کے افسران، کاروباری شخصیات اور دیگر معزز مہمانوں نے شرکت کی۔ شرکاء نے نمائش میں گہری دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے خواتین کی کاروباری سرگرمیوں، تخلیقی صلاحیتوں اور محنت کو سراہا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے نمائش کا تفصیلی دورہ کیا اور تمام اسٹالز کا معائنہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے نمائش کے مختلف حصوں کا جائزہ لیتے ہوئے انتظامی امور اور شرکاء کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا بھی معائنہ کیا۔ نمائش کے انعقاد کے دوران ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے مسلسل نگرانی اور موثر انتظامی اقدامات یقینی بنائے گئے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 03 NOV 2026

Page No. 6

پارٹی نے قومی سیاست اور اصولوں پر کبھی سمجھوتہ نہیں کیا، پشتونخوا نیپ

پارٹی نے ہمیشہ قومی مفادات، عوامی حقوق، جمہوریت، آئین کی بالادستی کی سیاست کو اپنا نصب العین بنایا، نصراللہ زیرے

پارٹی کی سیاست کسی فرد یا وقتی سیاسی مفاد کے گرد نہیں بلکہ واضح قومی، جمہوری اور نظریاتی پروگرام کے تحت آگے بڑھ رہی ہے

پشتونخوا نیپ عوام کو منظم جمہوری پلیٹ فارم پر متحد کرنے کیلئے جدوجہد جاری رکھے گی شمولیتی اجتماعات سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے نے کہا ہے کہ پشتونخوا نیپ میں عوام کی جوق در جوق شمولیت اس حقیقت کا واضح اظہار ہے کہ پارٹی نے اپنی قومی سیاست، نظریات، اصولوں اور قومی حقوق کے حصول کی جدوجہد پر کبھی سمجھوتہ نہیں کیا پارٹی نے ہمیشہ ذاتی مفادات، مصلحتوں اور وقتی سیاسی مفادات کی بجائے قومی مفادات، عوامی حقوق، جمہوریت، آئین کی ..... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

کے تحت آگے بڑھ رہی ہے انہوں نے کہا کہ پشتون قومی تحریک میں ہمارے رہنماؤں کی تاریخ قربانیوں، استقامت، سیاسی شعور اور قومی حقوق کیلئے مسلسل جدوجہد سے عبارت ہے۔ قومی تحریک کے ان تمام رہنماؤں اور کارکنوں کی جدوجہد اور قربانیاں ہمارے لئے مشعل راہ ہیں جنہوں نے مشکل حالات میں بھی قومی حقوق، سیاسی آزادی، جمہوریت اور عوامی مفادات کیلئے اپنا کردار ادا کیا۔ قومی تحریک کی ان تاریخی روایات اور نظریاتی تسلسل کو برقرار رکھنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتونخوا وطن کے عوام آج جن سنگین مسائل سے دوچار ہیں، ان میں بدامنی، بے روزگاری، غربت، مہنگائی، تعلیم اور صحت کی سہولیات کا فقدان، قدرتی وسائل پر اختیار سے محرومی اور معاشی استحصال سرفہرست ہیں۔ ان حالات میں ضروری ہے کہ عوام کو قومی اور جمہوری سیاسی پلیٹ فارم پر متحد کر کے اپنے حقوق کے حصول کیلئے منظم جدوجہد کی جائے۔

بالادستی اور مظلوم اقوام کے حق حکمرانی کی سیاست کو اپنا نصب العین بنایا ہے یہی وجہ ہے کہ آج کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں عوام کی بڑی تعداد پارٹی میں شامل ہو رہی ہے اور نئے سیاسی و تنظیمی یونٹ قائم کئے جا رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے تعزیت آباد، سپر افغان علاقائی یونٹ کے زیر اہتمام بابا جان ٹاؤن میں 80 افراد کی پارٹی میں شمولیت اور افغان درہ خوشحال روڈ گلی نمبر 1 میں خان خراسانی اور رحمت اللہ اور جنت گل کی سربراہی میں 22 گھرانوں کی پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی میں شمولیت کے موقع پر منعقدہ اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر تعزیت آباد، سپر افغان میں عبدالرحیم خان منڈ خیل اور افغان درہ خوشحال روڈ میں لالا شہید کے نام سے پارٹی کے نئے ابتدائی یونٹوں کا قیام عمل میں لایا گیا۔ دونوں یونٹوں کے منتخب آفیشلز نے پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے سے حلف لیا۔ اجتماعات سے پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری جنرل عبیداللہ توخی، ضلع معاون سیکرٹری نور آغا دریخی، آمین اللہ کاکڑ، محمد رسول ترین، قربان کمالی اور دیگر رہنماؤں نے بھی خطاب کیا۔ نصراللہ خان زیرے نے اپنے خطاب میں کہا کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ایک منظم قومی سیاسی تحریک ہے جس کی بنیاد پشتون قومی وحدت، قومی تشخص، سیاسی خودمختاری، معاشی استحصال کے خاتمے، جمہوریت، سماجی انصاف اور عوام کے بنیادی حقوق کے حصول پر رکھی گئی ہے۔ پارٹی کی سیاست کسی فرد، گروہ یا وقتی سیاسی مفاد کے گرد نہیں بلکہ ایک واضح قومی، جمہوری اور نظریاتی پروگرام

بلوچستان کیلئے 9 ہزار اسامیوں کا اعلان انقلابی پیش رفت ہے، لیاقت اقبال راجپوت

یہ اقدام صوبے سے بیروزگاری کے اندھیرے ختم کرنے میں معاون ثابت ہوگا

سید ال خان ناصر عوام کے حقیقی اور دردِ دل رکھنے والے نمائندے ہیں، رہنما ن لیگ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے سینئر رہنما اور ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے کوآرڈینیٹر کیپٹیکشن (ر) لیاقت اقبال راجپوت نے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سید ال خان ناصر کی مدبرانہ قیادت، صوبے کیلئے مخلصانہ جدوجہد اور عوامی خدمات پر انہیں زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سید ال خان ناصر کی انتھک کاوشوں اور خصوصی گذارش پر وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کی ..... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

جانب سے بلوچستان کیلئے 9 ہزار اسامیوں کا تاریخی اعلان ایک شاندار اور انقلابی پیش رفت ہے یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں لیاقت اقبال راجپوت نے کہا کہ یہ اقدام نہ صرف صوبے سے بے روزگاری کے اندھیرے ختم کرنے میں معاون ثابت ہوگا بلکہ اس سے امن و امان کی صورتحال میں خاطرخواہ بہتری آئے گی اور ہمارے باصلاحیت نوجوانوں کو ایک باوقار اور پائیدار ذریعہ معاش میسر آئے گا۔ لیاقت اقبال راجپوت نے سید ال خان ناصر کی عوامی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا سید ال خان ناصر بلوچستان کے عوام کے حقیقی، باصلاحیت اور دردِ دل رکھنے والے نمائندے ہیں کوئٹہ سمیت پورے صوبے کے دیرینہ مسائل کے حل کے لیے ان کی ذاتی دلچسپی، پیہم جدوجہد اور خلوص نیت کی مثال نہیں ملتی۔

بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال انتہائی مخدوش ہے، پاکستان بار کونسل

حکومت شہریوں کے تحفظ کیلئے اپنی آئینی و قانونی ذمہ داریاں پوری کرے، منیر احمد کاکڑ ایڈووکیٹ

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان بار کونسل کے ممبر منیر احمد خان کاکڑ ایڈووکیٹ نے قلعہ عبداللہ کے علاقے تنگ سے زئی میں دہشتگردی کے واقعہ کے دوران دو افراد کی شہادت، دو افراد کے زخمی ہونے اور دیگر افراد کے اغواء کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ قلعہ عبداللہ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں امن و امان کی مخدوش صورتحال باعث تشویش ہے، حکومت شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور امن و امان کے قیام کیلئے ..... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

اپنی آئینی و قانونی ذمہ داریاں پوری کرے۔ اپنے ایک مذمتی بیان میں منیر احمد خان کاکڑ ایڈووکیٹ نے کہا کہ بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا، انہیں شہید و زخمی کرنا اور اغوا کرنا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت عمل ہے۔ ایسے واقعات سے عوام میں خوف و ہراس اور عدم تحفظ کا احساس بڑھ رہا ہے۔ حکومت اور متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے کہ عوام کو دہشتگردی اور جرائم پیشہ عناصر سے تحفظ فراہم کریں۔ انہوں نے کہا کہ قلعہ عبداللہ کے عوام طویل عرصے سے امن و امان کے مسائل کا سامنا کر رہے ہیں، آئے روز پیش آنے والے ناخوشگوار واقعات نے شہریوں کی زندگیوں کو متاثر کر رکھا ہے۔ حکومت واقعے میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لانے، اغواء کئے گئے افراد کی فوری اور بحفاظت بازیابی اور علاقے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے مؤثر اقدامات کرے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 03 NOV 2026 Page No. 7

عدلیہ میں بلوچ سینیٹرز کا کو مناسب نمائندگی دی جائے، بی این پی

اہل اور قابل وکلاء کو اعلیٰ عدالتی و آئینی عہدوں پر نمائندگی نہ دینا امتیازی سلوک ہے، بیان

کوئٹہ (نمائندہ جنگ) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں کہا گیا ہے کہ فارم 47 کے حکمرانوں کے دور میں بلوچ سینیٹر وکلاء کو ایک منظم

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 03 NOV 2026 Page No. 8

بلوچ اشرافیہ امن و ترقی کی مخالف بعض دہشتگردوں کی سرپرستی کرتی ہے، ڈی جی آئی ایس پی آر

بلوچستان میں دہشت گردی صرف کان کنی کے شعبے کو ہی نشانہ نہیں بناتے بلکہ ٹرکوں، اسکولوں، اساتذہ، پلوں اور ریلوے لائنوں پر بھی حملے کرتے ہیں تاکہ معاشی سرگرمیاں معطل اور ترقی متاثر ہو سکے

پاکستان کی سوچ بھارت جیسی نہیں کہ تمام داخلی مسائل کو بیرونی عوامل سے منسوب کر دیا جائے، ہم یہ نہیں کہتے کہ پاکستان میں ہونے والی تمام دہشت گردی صرف افغانستان کی وجہ سے ہے

عوام کی جان و مال کا تحفظ پہلی ترجیح، خیبر پختونخوا میں بڑے فوجی آپریشن نہیں ہو رہے بلکہ انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں کی جا رہی ہیں، سیکورٹی فورسز روزانہ تقریباً 200 آپریشن کرتی ہیں

دہشت گردی کیخلاف پاکستان کی واضح حکمت عملی موجود ہے، دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کا خاتمہ اولین ترجیح ہے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا خبر رساں ادارے کو انٹرویو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کے برطانوی خبر رساں ادارے کو دیئے گئے انٹرویو کی مزید تفصیلات سامنے آگئیں ان کا کہنا ہے کہ پاکستان دہشت گردی کے خلاف ایک واضح اور جامع حکمت عملی پر عمل پیرا ہے، جس کا بنیادی مقصد ملک کے اندر موجود دہشت گردوں اور ان کے تمام سہولت کاروں کا خاتمہ ہے۔ پاکستان اپنی داخلی سلامتی کے مسائل کی ذمہ داری کسی دوسرے ملک پر ڈالنے کے بجائے انہیں خود حل کرنے پر یقین رکھتا ہے، تاہم افغانستان دہشت گردوں کا بنیادی مرکز ہے جہاں ان کی قیادت، تربیتی کیمپ اور پاکستان میں حملوں کے لیے لانچ پیڈز موجود ہیں۔ عالمی خبر رساں ادارے رائٹرز کو دیے گئے انٹرویو میں ڈی جی آئی ایس پی آر نے دہشت گردی کے خلاف قومی حکمت عملی، خیبر پختونخوا اور بلوچستان کی سیکیورٹی صورتحال، انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز اور دہشت گردی کے علاقائی عوامل پر تفصیلی گفتگو کی۔ لیفٹیننٹ ..... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ پاکستان کی سوچ بھارت جیسی نہیں کہ تمام داخلی مسائل کو بیرونی عوامل سے منسوب کر دیا جائے۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ پاکستان میں ہونے والی تمام دہشت گردی صرف افغانستان کی وجہ سے ہے، کیونکہ دہشت گردی سے متعلق بعض مسائل ایسے بھی ہیں جنہیں ملک کے اندر ہی مؤثر انداز میں حل کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان وہ بنیادی اڈہ ہے جہاں سے پاکستان میں دہشت گردی کی کارروائیاں کی جاتی ہیں۔ وہاں دہشت گردوں کی قیادت، تربیتی مراکز اور لانچ پیڈز موجود ہیں، جو پاکستان کی سلامتی کے لیے سنگین چیلنج ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے خیبر پختونخوا کی صورتحال پر بات کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں کسی بڑے فوجی آپریشن کے بجائے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز (IBOs) کیے جا رہے ہیں۔ سیکیورٹی فورسز روزانہ کی بنیاد پر تقریباً 200 انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں کرتی ہیں، جن میں پولیس، فوج اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے مشترکہ طور پر حصہ لیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انسداد دہشت گردی کے حوالے سے پاکستان کے پاس گزشتہ 20 برس کی مسلسل جدوجہد کے باعث وسیع تجربہ موجود ہے، جو دنیا کی کسی بھی فوج یا ملک کے پاس اس نوعیت میں موجود نہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے خیبر پختونخوا کے عوام کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کی وجہ سے سب سے زیادہ مشکلات اسی صوبے کے عوام نے برداشت کی ہیں۔ خیبر پختونخوا کے غیور عوام بہادر ہیں اور پاکستانی معاشرے کا ایک انتہائی اہم حصہ ہیں۔ پشتون اپنی روایات پر فخر کرنے والی قوم ہیں اور ان سے بہتر کوئی لوگ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام امن اور استحکام چاہتے ہیں اور وہ اس کے مکمل مستحق ہیں۔ صوبے میں کوئی بھی شخص انسداد دہشت گردی کی کارروائیوں کا مخالف نہیں، بلکہ مخالفت صرف وہ عناصر کرتے ہیں جن کا دہشت گردوں کے ساتھ گٹھ جوڑ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا میں ایک ایسا سہولت کار موجود تھا جو انسداد دہشت گردی کی کوششوں میں رکاوٹ بن رہا تھا، تاہم اب وہ وہاں موجود نہیں۔ خیبر پختونخوا میں حکومت کے خاتمے سے متعلق سوال پر ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ یہ ایک سیاسی معاملہ ہے اور اس کا جواب سیاستدان ہی بہتر انداز میں دے سکتے ہیں۔ تاہم جو کچھ ہم سمجھتے اور جانتے ہیں، اس کے مطابق حکومت کی تبدیلی آئینی اور قانونی ضوابط کے تحت ہوئی تھی۔ بلوچستان کی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ دہشت گرد اپنے آقاؤں کے اشاروں پر صوبے میں ترقیاتی منصوبوں اور معاشی سرگرمیوں کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گرد صرف کان کنی کے شعبے کو ہی نشانہ نہیں بناتے بلکہ ٹرکوں، اسکولوں، اساتذہ، پلوں اور ریلوے لائنوں پر بھی حملے کرتے ہیں تاکہ معاشی سرگرمیاں معطل اور ترقی متاثر کیا جا سکے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کے مطابق دہشت گرد ہر اس منصوبے اور سرگرمی کو نشانہ بناتے ہیں جو مقامی آبادی کو روزگار، معاشی خودمختاری اور خوشحالی فراہم کر سکتی ہو۔ انہوں نے بلوچستان کی اشرافیہ پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ صوبے کے بعض بااثر طبقات عام عوام کو غریب اور ناخواندہ رکھ کر اپنا اثر و رسوخ برقرار رکھنا چاہتے ہیں۔ ان کے بقول دہشت گرد اور اشرافیہ دونوں بلوچ عوام کو غربت اور پسماندگی میں رکھنے کے خواہاں ہیں تاکہ محرومی کے بیانیے کو برقرار رکھا جا سکے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردوں اور بعض اشرافیہ کے درمیان گٹھ جوڑ موجود ہے، کیونکہ دونوں ہی صوبے کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے مخالف ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 03 NOV 2026 Page No. 9

کوئٹہ: ہزارہ ٹاؤن پولیس کی کارروائی، 4 کلو چرس برآمد، ملزم گرفتار

ملزم پھیانزیب کیخلاف مقدمہ درج، مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ہزارہ ٹاؤن پولیس نے بھاری مقدار میں چرس برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او ہزارہ ٹاؤن نے دیگر عملے کے ہمراہ چیکنگ کے دوران 1 مشکوک شخص کو روک کر چیک کیا تو اس کے قبضے سے 4 کلو چرس برآمد کر کے ملزم پھیانزیب کو گرفتار کر کے اس کے خلاف مقدمہ درج کر کے کارروائی شروع کر دی۔

دھماکہ خیز مواد نصب کرنے کی کوشش ناکام، 2 دہشت گرد زخمی

آئی ای ڈی کو فائر کر کے ناکارہ بنا دیا، زخمی دہشت گرد موقع سے فرار

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سیکورٹی فورسز کے عملے نے آپریشن روالفتنہ قہری کے تحت کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کی جانب سے آئی ای ڈی نصب کرنے کی کوشش ناکام بنا دی جس سے 2 دہشت گرد زخمی ہو گئے اور سیکورٹی اہلکار محفوظ رہے سیکورٹی ذرائع کے مطابق گزشتہ روز سیکورٹی فورسز کے عملے نے نوشکی کے علاقے جورگیں مال کے علاقے میں نامعلوم دہشت گردوں کی جانب سے آئی ای ڈی نصب کرنے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے آئی ای ڈی کو فائر کر کے ناکارہ بنا دیا

..... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

پنجگور: نامعلوم مسلح افراد کا ٹھیکیدار سے 15 لاکھ لوٹ کر فرار

پنجگور (این این آئی) پنجگور پسکان میں تاجر سے ڈکیتی کی واردات گن پوائنٹ پر لاکھوں روپے چھین لئے گئے متاثرہ دکاندار کے مطابق وہ روزانہ صبح گھر سے بازار میں ہول سیلر کے اکاؤنٹ میں پیسہ جمع کرانے جا رہا تھا کہ لاٹی چوک پر انجینئرنگ گاڑی میں سوار مسلح افراد نے انکا تعاقب کر کے راستہ روکا اور 15 لاکھ روپے چھین کر فرار ہو گئے دریں اثناء تاجران برادری نے عاصل خان کے ساتھ ڈکیتی کی واردات کی مذمت کی اور پولیس سے فوری کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

نوشکی: تلی تاد آباد میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 1 شخص زخمی

نوشکی (آن لائن) صدر تھانہ کی حدود تلی تاد آباد میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی تفصیلات کے مطابق نوشکی کے علاقہ تاد آباد میں فائرنگ سے زخمی شخص کی شناخت عزت اللہ کے نام سے ہوئی، جنہیں طبی امداد کیلئے نیشنل ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس واقعہ کی مزید تفتیش کر رہی ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 03 NOV 2026 Page No. 10

سریاب کے گنجان آباد علاقوں میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ علاقہ مکین پریشان

لاکھوں کی آبادی والے علاقوں کے عوام کو بجلی کی شدید اور غیر اعلامیہ لوڈشیڈنگ نے شدید اذیت میں مبتلا کر دیا

سریاب کے اراکین اسمبلی اپنی مصروف میں سے کچھ وقت یہاں کے رئیسوں کیلئے بھی نکالیں تاکہ مسائل میں کمی آسکے

سریاب ہمیت کوئیہ کے شہریوں کے جائز مطالبات کے حل کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کی جائے گی، ن لیگی رہنما نور محمد حسنی

کوئٹہ (پ ر) سریاب روڈ پر گنجان آباد علاقوں میں بجلی کی طویل اور غیر اعلامیہ لوڈشیڈنگ نے علاقہ مکینوں کی زندگی اجیرن کر دی، معمولات زندگی بری طرح متاثر ہونے لگے، دن بھر بجلی نہیں ہوتی رات کے اوقات میں بھی اضافی لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے سریاب روڈ کے اطراف دونوں جانب آباد لاکھوں کی آبادی والے علاقوں کے عوام کو بجلی کی شدید اور غیر اعلامیہ لوڈشیڈنگ نے شدید اذیت میں مبتلا کر دیا ہے سریاب کے باشندوں نے محکمہ کیسکو کے خلاف سریاب روڈ پر شدید احتجاج کا اعلان کر دیا، علاقے کی سیاسی و سماجی شخصیات کی جانب سے علاقے میں طویل لوڈشیڈنگ کیخلاف ریلیوں کا آغاز کر دیا گیا، دریں اثناء قبائلی و سماجی شخصیت مسلم لیگ ن کی مرکزی کمیٹی کے ممبر نور احمد محمد حسنی نے کہا ہے کہ سریاب میں بجلی کی طویل شیڈنگ سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے خاص طور سے گھریلو امور بری طرح متاثر ہو رہے ہیں خواتین کو مشکلات کا سامنا ہے، کیسکو حکام سے رابطہ کیا جائے تو وہ کسی کی بات سننے کیلئے تیار نہیں ہیں جبکہ وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف کے احکامات ہیں کہ صرف دو گھنٹے لوڈشیڈنگ کی جائے اس کے علاوہ شہریوں کو بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جائے مگر کوئٹہ کے گنجان آباد علاقوں سریاب میں صورتحال اس کے برعکس ہے انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کے عوام کے دیرینہ مطالبات اور بجلی کی بلاجواز طویل لوڈشیڈنگ کے خاتمے کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کی جائے گی انہوں نے سریاب کے اراکین اسمبلی سے مطالبہ کیا کہ وہ اپنی مصروف میں سے کچھ وقت سریاب کے باشندوں کیلئے بھی نکالیں تاکہ سریاب کے باشندوں کے مسائل میں کمی آسکے۔

میٹروپولیٹن کارپوریشن کے احاطے میں سیکیورٹی انتظامات مزید سخت

دفاتر کی راہداریوں، بیرونی فٹ پاتھوں اور کھلے احاطے میں بلاوجہ گھومنے پھرنے اور جمع ہونے پر پابندی عائد

نو پارکنگ زون میں کھڑی کی جانے والی موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں کو پولیس کے ذریعے اٹھوایا جائے گا، حکام

کوئٹہ (اے این این) ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ بشیر احمد بنگی کی خصوصی ہدایات پر سیکیورٹی افسر سعادت اللہ خان کاکڑ نے میٹروپولیٹن کارپوریشن کے احاطے میں انتظامی نظم و ضبط اور سیکیورٹی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے سخت اقدامات نافذ کر دیے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق جاری کردہ ہدایات میں تمام شعبہ جات کے افسران اور ملازمین کو اپنے متعلقہ دفاتر اور کمروں میں موجود رہنے کا پابند بنایا گیا ہے، جبکہ دفاتر کی راہداریوں، بیرونی فٹ پاتھوں اور کھلے احاطے میں بلاوجہ گھومنے پھرنے اور جمع ہونے پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ سیکیورٹی افسر کی جانب سے تمام افسران کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے زیر نگرانی عملے کی حاضری اور دفاتر میں موجودگی کو یقینی بنائیں اور انتظامی امور میں نظم و ضبط برقرار رکھنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کریں۔ دوسری جانب پارکنگ کے نظام کو منظم بنانے کے لیے بھی سخت احکامات جاری کیے گئے ہیں۔ مقررہ پارکنگ ایریاز کے علاوہ موٹر سائیکلیں اور دیگر گاڑیاں کھڑی کرنے پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ حکام کے مطابق نو پارکنگ زون میں کھڑی کی جانے والی موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں کو پولیس کے ذریعے اٹھوایا جائے گا، جبکہ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ سیکیورٹی افسر سعادت اللہ خان کاکڑ نے واضح کیا ہے کہ ان اقدامات کا بنیادی مقصد میٹروپولیٹن کارپوریشن کے دفتری ماحول کو بہتر بنانا، سرکاری امور کی بروقت انجام دہی یقینی بنانا، غیر ضروری نقل و حرکت کی روک تھام اور سیکیورٹی انتظامات کو مزید مؤثر بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام افسران اور ملازمین جاری کردہ ہدایات پر عمل درآمد یقینی بنائیں، بصورت دیگر خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف ضابطے کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 03 NOV 2026 Page No. 11

بلوچستان مکمل طور پر اے ایریا قرار!

گذشتہ روز اسلام آباد میں ڈی ایس پیز کی تربیت مکمل ہونے پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ بلوچستان کو مکمل طور پر اے ایریا قرار دیا جاچکا ہے۔ یہ ایک بڑی ذمہ داری کے ساتھ ساتھ ایک اہم موقع بھی ہے اور ہمیں ثابت کرتا ہے کہ یہ فیصلہ آئندہ آنے والی نسلوں کے بہتر مستقبل اور صوبے میں موثر امن وامان کے قیام کے لیے کیا گیا ہے۔ پولیس افسران ریاست اور عوام کے خادم ہیں۔ انہیں نہایت، دیانت داری، عزت وقار اور احساس ذمہ داری کیساتھ خدمت کرنی چاہیئے۔ صوبائی حکومت بلوچستان پولیس کو جدید آلات، معیاری تربیت اور میرٹ کی بنیاد پر تعیناتیوں وتبادلوں کا ایسا ماحول فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ جہاں کسی قسم کی سیاسی مداخلت یا دباؤ کی گنجائش نہ ہو۔ پولیس افسران کی تعیناتیوں اور پیشہ وارانہ ذمہ داریوں کی ادائیگی میں میرٹ کو بنیادی اصول بنایا گیا ہے اور یہ فیصلہ خود بلوچستان پولیس کی قیادت نے کرنا ہے کہ کونسا افسر کس ذمہ داری کے لیے موزوں ہے۔ میرٹ کی بالادستی بالخصوص نوجوان نسل کا ریاست پر اعتماد بحال کرنے میں کلیدی کردار ادا کرے گی۔ ریاست کے تمام ستونوں کو اپنے عملی کردار سے بلوچستان کے نوجوانوں کو یہ پیغام دینا ہوگا کہ انہیں میرٹ پر بھرتی کیا جائے گا۔ میرٹ پر ذمہ داریاں سونپی جائیں گی اور وہ کسی سیاسی مداخلت کے بغیر اپنی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کے مطابق خدمت انجام دے سکیں گے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ بلوچستان کو مکمل طور پر اے ایریا قرار دیا جاچکا ہے۔ کے حوالے سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا تقریب سے خطاب اس ضمن میں جو ابہام پایا جارہا تھا وہ ختم ہونے میں بھرپور مدد ملے گی اور یہاں کی عوام کو یہ باور ہوجائے گا کہ بلوچستان مکمل طور پر اے ایریا میں تبدیل ہوگیا۔ حکومت کا یہ اہم فیصلہ قابل تعریف ہے لیکن اس کے لیے صوبے کی پولیس کو اپنے اپنے علاقوں میں اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے ادا کرکے اپنے فرائض سرانجام دینے ہوں گے۔ کیونکہ جو بی ایریا تھے ان میں جو پولیس کو تعینات کیا گیا ہے ان کو عارضی طور پر کچھ مشکلات درپیش ہونگی لیکن امید ہے کہ پولیس ان کو جلد ہی ختم کرنے میں کامیاب ہوجائے گی۔ کیونکہ ہماری پولیس فورس میں صلاحیتوں کی کمی نہیں ہے۔ وہ نہ صرف عوام کی حفاظت کے لیے کام کررہی ہے بلکہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے بھی انہوں نے اپنی جانوں کی قربانیاں دی ہیں جو کہ قابل تحسین اقدام ہے۔ وہ اس سلسلے میں دیگر فورسز کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ پولیس افسران کے ریاست اور عوام کے خادم ہونے کی بات بلاشبہ اچھی ہے اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ پولیس افسران اس سلسلے میں اپنے فرائض احسن طریقے سے ادا کررہے ہیں لیکن یہاں اس بات کا ذکر کرنا ازحد ضروری ہے کہ پولیس کو عوام کے ساتھ مکمل تعاون کرتے ہوئے ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے چاہئیں۔ کیونکہ ہمارے ہاں کچھ ایسا ماحول ہے کہ پولیس اور عوام کے درمیان معاملات اکثر شکایات کا شکار رہتے ہیں۔ عوام کو ہمیشہ یہ شکایت ہوتی ہے کہ پولیس ان سے تعاون نہیں کررہی ہے۔ اس اہم مسئلے کو حل کرنے کی اشد ضرورت ہے تاکہ تمام معاملات احسن طریقے سے سرانجام دیئے جاسکیں۔ اور یہاں پولیس اور عوام میں اعتماد کو یقینی بنانے کے اقدامات ہونے چاہئیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 03 NOV 2026 Page No. 12

بلوچستان میں مشتبہ اور جعلی قومی شناختی کارڈز سمیت دیگر جعلی دستاویزات امن کیلئے خطرہ، عوام کے حقوق پر ڈاکہ، جانچ کی شفافیت یقینی بنائی جائے

بلوچستان میں مشتبہ اور جعلی کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈز کا معاملہ پاکستان کی قومی سلامتی کے لیے ایک سنگین اور حساس چیلنج بن چکا ہے۔ نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی اور سیکیورٹی اداروں کے مطابق، صوبے میں بڑے پیمانے پر غیر ملکیوں خصوصاً افغان باشندوں اور بعض دیگر تارکینِ وطن نے مبینہ طور پر جعلی دستاویزات کے ذریعے پاکستانی شناختی کارڈ حاصل کیے ہیں۔ اب تک بلوچستان میں مجموعی طور پر 1 لاکھ 38 ہزار سے زائد مشتبہ شناختی کارڈز بلاک کیے جا چکے ہیں۔ دہشت گردی اور ملک دشمن نیٹ ورکس کو تحفظ، جعلی شناختی کارڈز کی مدد سے غیر ملکی یا غیر قانونی عناصر سیکیورٹی چیک پوسٹوں سے باآسانی گزر جاتے ہیں۔ یہ کارڈز دہشت گرد گروہوں کے سہولت کاروں، فنڈز کی منتقلی اور تخریب کاری کی سرگرمیوں کو چھپانے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ چمن اور قلعہ عبداللہ جیسے پاک-افغان سرحدی اضلاع میں مشتبہ شناختی کارڈز کی بڑی تعداد موجود رہی ہے۔ ان کارڈز کا فائدہ اٹھا کر لوگ پاسپورٹ اور ویزا کی قانونی شرائط سے بچ کر سرحد پار غیر قانونی آمدورفت جاری رکھتے ہیں جس سے اسمگلنگ اور عسکریت پسندی کو فروغ ملتا ہے۔ بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں بڑے پیمانے پر شناختی کارڈ بلاک ہونے سے غیر ملکی باشندوں، دہشت گردوں، ان کے سہولت کاروں کے خلاف گھیرا تنگ ہوا ہے۔ جعلی دستاویزات کی وجہ سے قومی سلامتی کو شدید خطرات لاحق ہیں اس خطرے پر قابو پانے کے لیے حکومتِ پاکستان اور سیکیورٹی فورسز نے ایک جامع کریک ڈاؤن شروع کر رکھا ہے۔ انٹیلی جنس بیورو اور دیگر سیکیورٹی ایجنسیاں روزانہ کی بنیاد پر ضلعی سطح پر نادرا کارڈز کی سخت تصدیق کرتی ہیں۔ نادرا نے ایسے تمام کارڈز کو معطل کر دیا ہے جن کا خاندانی شجرہ مشتبہ پایا گیا۔ حکومت کا ہدف ان بلاک شدہ کارڈز کو انتخابی فہرستوں اور ریاستی ڈیٹا سے مکمل طور پر خارج کرنا ہے۔ اندرونی سہولت کاروں کے خلاف کارروائی، وفاقی تحقیقاتی ایجنسی اور قانون نافذ کرنے والے ادارے نادرا کے اندر موجود ان کرپٹ ملازمین اور ایجنٹس کے خلاف سخت کارروائی کر رہے ہیں جنہوں نے رشوت کے عوض غیر ملکیوں کو کارڈز جاری کیے ہیں۔ گزشتہ روز بلوچستان میں 1 لاکھ 38 ہزار سے زائد مشتبہ شناختی کارڈز کو بلاک کر دیا گیا ہے۔ نادرا حکام کے مطابق بلاک شناختی کارڈز کی جانچ اور تصدیق کا عمل جاری ہے، حکام نے بتایا کہ تصدیق کے بعد مقررہ معیار پر پورا اترنے والے افراد کے کارڈز کو بحال کیا جا رہا ہے۔ بہرحال کارڈز کی مکمل جانچ پڑتال کی شفافیت کو یقینی بنایا جائے تاکہ مقامی شہریوں کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے اور نہ ہی اس سے غیر ملکی باشندے فائدہ اٹھا سکیں۔ بلوچستان میں جعلی قومی شناختی کارڈز اور دیگر قومی دستاویزات کے اجراء نے صوبے کے امن و امان، معیشت اور مقامی آبادی کے حقوق پر انتہائی سنگین اور منفی اثرات مرتب کیا ہے، اس غیر قانونی عمل کی وجہ سے صوبے کو سیکیورٹی سے لے کر وسائل کی تقسیم تک متعدد محاذوں پر چیلنجز کا سامنا ہے۔ اب وقت آ گیا ہے کہ جعلی قومی شناختی کارڈز سمیت دیگر دستاویزات کی جانچ پڑتال میں تیزی لائی جائے اور تمام جعلی دستاویزات کو منسوخ کیا جائے تاکہ امن و امان سمیت صوبے کے عوام کے حقوق کا تحفظ ممکن بنایا جا سکے اور غیر ملکی باشندوں کو فوری ملک بدر کیا جائے تاکہ صوبے پر آبادی کا بوجھ کم ہو جس سے امن و امان اور معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 03 NOV 2026 Page No. 13

ایل پی جی بحران کا خدشہ قیمتوں میں اضافہ، عوام رل گئے

سوہائی اور النور کوئٹہ میں ایل پی جی کی قیمتوں میں ایک بار پھر گرانی اضافہ ہو گیا، فی کلو قیمت 650 روپے ہو گئی، 12 کلو گرام کا گھریلو سلنڈر 7 ہزار 800 روپے تک فروخت ہونے لگا، جس کے باعث گھریلو صارفین، رکشہ ڈرائیوروں، ہوٹلوں، ٹرانسپورٹروں اور دیگر کاروباری شعبوں کی مشکلات بڑھ گئی ہیں۔ ایل پی جی ڈیلرز نے خبردار کیا ہے کہ ایران سے منسلک سرحدی راستوں کی بندش اور سپلائی میں رکاوٹ برقرار رہی تو قیمت ایک ہزار سے 1200 روپے فی کلو تک پہنچ سکتی ہے۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ میں سردی کے موسم اور قدرتی گیس کی کم پریشر کے باعث ایل پی جی کی طلب میں اضافہ ہو چکا ہے، تاہم قیمتوں میں حالیہ اضافے نے شہریوں کے لیے متبادل ایندھن کا استعمال بھی مشکل بنا دیا ہے۔ گھریلو صارفین کا کہنا ہے کہ گیس کی عدم دستیابی یا کم پریشر کے باعث انہیں کھانا پکانے اور دیگر ضروریات کے لیے ایل پی جی خریدنا پڑتی ہے، لیکن مسلسل بڑھتی قیمتوں نے گھریلو بجٹ پر اضافی بوجھ ڈال دیا ہے۔ ایل پی جی ڈیلرز کے مطابق قیمتوں میں اضافے کی ایک بڑی وجہ ایران سے منسلک سرحدی راستوں کی بندش اور سپلائی میں رکاوٹ ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ سرحدی صورتحال کے باعث مارکیٹ میں ایل پی جی کی دستیابی متاثر ہوئی ہے، جس کے اثرات قیمتوں کی صورت میں سامنے آ رہے ہیں۔ سرحدی صورتحال کے باعث مارکیٹ میں ایل پی جی کی دستیابی متاثر ہوئی ہے، جس کے اثرات قیمتوں کی صورت میں سامنے آ رہے ہیں۔ ایل پی جی گیس ڈیلرز ایسوسی ایشن کے نمائندوں نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ اگر موجودہ صورتحال برقرار رہی اور سرحدی راستوں سے سپلائی معمول پر نہ آئی تو آنے والے دنوں میں فی کلو قیمت ایک ہزار سے بڑھ کر 1200 روپے تک پہنچ سکتی ہے۔ اس صورت میں گھریلو سلنڈر کی قیمت میں بھی مزید اضافہ ہوگا، جس سے صارفین کی مشکلات بڑھنے کا خدشہ ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ 12 کلو گرام کا سلنڈر 7 ہزار 800 روپے میں خریدنا عام خاندان کے لیے بڑا مالی بوجھ ہے۔ دوسری جانب رکشہ اور دیگر گاڑیوں میں ایل پی جی استعمال کرنے والے ڈرائیوروں کے مطابق گیس مہنگی ہونے سے روزانہ کے اخراجات بڑھ رہے ہیں، جبکہ قیمت میں مزید اضافے کی صورت میں موجودہ کرایوں پر گاڑیاں چلانا مشکل ہو جائے گا۔ ہوٹلوں، ریسٹورنٹس اور ٹرانسپورٹروں سے وابستہ افراد نے بھی ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ گیس ان کے کاروباری اخراجات کا اہم حصہ ہے۔ قیمتوں میں مسلسل اضافے سے کھانا پکانے کے اخراجات بڑھ رہے ہیں، جس کے اثرات تیار کھانوں اور اشیائے خورونوش کی قیمتوں پر بھی پڑ رہے ہیں۔ شہریوں اور ڈیلرز نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ ایران بارڈر سے متعلق تجارتی اور سپلائی کے معاملات جلد حل کیے جائیں، ایل پی جی کی دستیابی یقینی بنائی جائے اور مارکیٹ میں قیمتوں کی مؤثر نگرانی کی جائے۔ انہوں نے مصنوعی قلت اور ناجائز منافع خوری کی روک تھام کے لیے بھی اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سردی کے موسم میں گیس بنیادی ضرورت ہے، لیکن قدرتی گیس کی کم پریشر کے باعث ایل پی جی پر انحصار کرنے والے صارفین کو اب مہنگے متبادل ایندھن کا سامنا ہے۔ سردی کے موسم میں گیس بنیادی ضرورت ہے، لیکن قدرتی گیس کی کم پریشر کے باعث ایل پی جی پر انحصار کرنے والے صارفین کو اب مہنگے متبادل ایندھن کا سامنا ہے۔ ڈیلرز کے مطابق سپلائی میں رکاوٹ برقرار رہنے کی صورت میں قیمتیں مزید بڑھ سکتی ہیں